هُوَ الْعَلِیُّ الْکَبِیْرُ

رسالہ

اسمائے امراض

حصّۂ اوّل

یونانی سے ڈاکٹری

جس میں تمام امراض کے یونانی، عربی اور مشہور ناموں کے مقابل ڈاکٹری مترادفات درج کیے گئے ہیں

مع

رسالہ اوزان طبّی

مؤلفہ

حکیم محمد کبیر الدین

شیخ الجامعہ، جامعہ طبیہ دہلی

سنہ ۱۳۵۷ھ
۱۹۳۸ء

ملنے کا پتہ: دفتر المسیح، قرول باغ، دہلی

تعداد طبع چہارم ۱۰۰۰ (مطبوعہ جمال برقی پریس دہلی) قیمت ۸/

کتاب الادویہ

خواص الادویہ کی معتبر و مستند کتاب

یہ ادویہ مفردہ کا جدید و معتبر مخزن اور مفردات کی کتب مطولہ کا بہترین خلاصہ ہے، جس میں زمانۂ موجودہ کی تمام نباتی، حیوانی، اور جمادی ادویہ مفردہ کی ماہیت، مزاج، افعال و خواص، استعمال اور مقدار خوراک بہ طرز جدید ایجاز و اختصار کے ساتھ لکھے گئے ہیں + نایاب اور متروک ادویہ کو حذف کر کے بالعموم ان ادویہ کو بیان کیا گیا ہے، جو آجکل مروج اور مستعمل ہیں، بعض ادویہ کے افعال و استعمال لکھنے میں طب جدید کی کتابوں سے بھی مدد لی گئی ہے، مقدار خوراک مروجہ مستند مطبوں کے مطابق لکھی گئی ہے، اور طبع جدید میں ادویہ کے بدل اور مضر و مصلح کے علاوہ ہر دواء کے نفع خاص کا تذکرہ بھی نمایاں طور پر کر دیا گیا ہے، حجم چار سو صفحات سے زیادہ، کاغذ نفیس قیمت دو روپیہ (عہ) مجلد عہ/۱۲ +

لغات الادویہ

بعض نسخوں میں بعض دواؤں کے نام اس قسم کے ہوتے ہیں کہ انکا مرادف نام معلوم نہ ہونے کی وجہ سے نسخہ ادھورا رہ جاتا ہے اسی نقص کو رفع کرنے کے لئے یہ لغت تیار ہوا ہے، اس میں دواؤں کے عربی، فارسی، ہندی، سنسکرت، کیمیائی، انگریزی، یونانی اور دیگر زبانوں کے ناموں کی توضیح ہے، اور ۲۵ ہزار سے زائد الفاظ کی شرح ہے، اگر کسی نسخے کا کوئی جزو آپ نہ سمجھ سکیں تو اس لغت سے مدد لیں، طبع سوم میں جدید مفید اضافات ہوئے ہیں، اور کتابت جدید طرز پر کرائی گئی ہے، جس سے تلفظ میں غلطی کا امکان ختم ہو گیا ہے، کاغذ بھی عمدہ لگایا گیا ہے قیمت تین روپے (سے) مجلد چرمی تین روپے بارہ آنہ (سے/۱۲)

ھُوَ العَلیُّ الکَبِیرُ

رسالہ

اسمائے امراض

حصّہ اوّل

یونانی سے ڈاکٹری

جس میں تمام امراض کے یونانی، عربی اور مشہور ناموں
کے مقابل ڈاکٹری مترادفات درج کئے گئے ہیں

مع

رسالہ اوزان

مؤلفہ

حکیم محمد کبیر الدین شیخ الجامعہ، جامعہ طبیہ، دہلی

سنہ ۱۳۵۲ ھ
۱۹۳۸ ء

ملنے کا پتہ:- دفتر المسیح، قرول باغ، دہلی

تعداد طبع چہارم ۱۵۰۰ مطبوعہ دلی قیمت ۸ر

بسم اللہ الرحمن الرحیم
نحمدہ ونصلی ونسلم

رسالہ

اسمائے امراض

حصۂ اوّل

جس میں امراض کے یونانی ناموں کے مقابل ڈاکٹری نام درج کئے گئے ہیں +

اشاعت اوّل ۱۹۱۸ء
اشاعت دوم ۱۹۲۱ء
اشاعت سوئم ۱۹۲۴ء
اشاعت چہارم ۱۹۳۸ء

یہ رسالہ ہر بار صرف چھپا ہی نہیں، بلکہ ہر مرتبہ اس میں مناسب اضافات کئے گئے ہیں تا کہ یہ مختصر رسالہ زیادہ مفید و کار آمد ہوتا جائے

محمد کبیر الدین ۱۸- اپریل ۱۹۳۸ء

تنقیح چہارم

رسالہ اسمائے امراض حصہ اول میں طبع چہارم کے وقت سابقہ اصول ترقی کے مطابق جس طرح مناسب تنقیحات کی گئی ہیں، تاکہ اس مختصر رسالہ کی افادی حیثیت برابر ترقی کرتی رہے، اسی طرح اسکی طباعت کی شکل وصورت بھی اس مرتبہ زیادہ بہتر اور جاذب نظر بنانے کی کوشش کی گئی ہے +

موجودہ تنقیح واشاعت میں امراض کے ناموں کے لئے تین جدول (خانے) قائم کئے گئے ہیں: پہلے خانہ میں عربی، فارسی، ہندی، اور یونانی طبی اصطلاحات جو ہماری کتابوں میں ملتی ہیں، بخط نسخ (عربی) درج کی گئی ہیں۔ دوسرے خانہ میں ڈاکٹری اصطلاحات بخط اُردو، اور تیسرے خانہ میں ڈاکٹری اصطلاحات بخط انگریزی لکھی گئی ہیں، تاکہ انگریزی کے حروف شناس حضرات آسانی کے ساتھ ڈاکٹری اصطلاحات کے تلفظ کی تصحیح کرسکیں، اور صحیح ہجا معلوم کرسکیں +

ہماری بیشتر طبی اصطلاحات جس طرح عربی ہیں، اور معمولی زبان سے ان کا معیار بلند ہے، اسی طرح اکثر ڈاکٹری اصطلاحات بھی یونانی اور لاطینی زبان سے ماخوذ ہیں، جو عام انگریزی ادب کے لحاظ سے بھاری اور بلند ہیں، اور انگریزی کی اچھی لیاقت رکھنے والے بھی ان کے تلفظ میں بارہا ٹھوکر کھاجاتے ہیں، حتیٰ کہ بہت سے ڈاکٹروں کی زبان سے، جو باقاعدہ ایک مدت تک ماہر اساتذہ سے تعلیم پاتے اور اصطلاحات سُنتے رہتے ہیں، ان اصطلاحات کے تلفظ مختلف سُننے میں آتے ہیں، اسلئے ان بیرونی ممالک کے الفاظ کے صحیح تلفظ تک پہونچنا، اور کسی اصطلاح کے تلفظ کے اختلاف وتعدد کی صورت میں کسی تلفظ کو دوسرے کے مقابلہ میں صحیح یا غلط کہنا بہت ہی دشوار ہے +

محمد کبیر الدین

۱۸- اپریل ۱۹۳۰ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہٗ و نصلی و نسلم

رسالہ
اسمائے امراض
حصہ اوّل

(الف)		
آبلہ نفاطہ (جمع نفاطات) چھالہ +	پمفی گس	Pumphigus
آبلہ فرنگ آتشک، افرنجی +	سفلس	Syphilis
آتشک (اس سے حقیقی آتشک مراد ہے) +	سفلس	Syphilis
آتشک اکتسابی حاصل کی ہوئی آتشک، پیدائشی آتشک اسکے مقابل ہے	ایکوائرڈ سفلس	Aquired Syphilis

Secondary Syphilis	سکنڈری سفلس	آتشک ثنائی (ثانوی) افرنجی ثانوی، آتشک درجہ دوئم +
Soft Sore Soft Chancer	سافٹ سور سافٹ شنکر	آتشک مجازی دیکھو قرحہ رخوہ
Hereditary Syphilis	ہیری ڈی ٹری سفلس	آتشک موروثی دیکھو "افرنجی وراثی" +
Congenital Syphilis	کن جینی ٹل سفلس	آتشک موروثی افرنجی وراثی، پیدائشی آتشک +
Catalepsy	کیٹالیپسی	آخذہ (جمود) سکتہ سے مشابہ ایک مرض ہے +
Conjunctivitis Ophthalmia	کن جنکٹوائیٹس، آف تھلمیا	آشوب چشم (رمد) آنکھ دُکھنا، طبقہ ملتحمہ کا ورم ہے +
Injury	انجری	آفت عارض
Phagedena Rudent Ulcer.	فیجی ڈینا۔ روڈنٹ السر	آکلہ کھانے والا زخم +
Noma	نوما	آکلۃ الشفر دیکھو غانغرانائی شفر +
Noma	نوما	آکلۃ الفم دیکھو غانغرانائی فم +
Concrum Oris	کنکرم اورِس	آکلۃ الفم
Epilepsy	اپی لیپسی	ابراقلسیا ہرگی، یا مرگی کی ایک شدید قسم ہے +
Siborrhœa	سی بوریا	اِبریّہ (حزاز) (لِنفا) سر سے بھوسی جھڑنا +
Parablepsis	پیرابلیپسس	ابصار کاذب جھوٹی نگاہ +
DoubleTertian Fever	ڈبل ٹرشین فیور	ابطریطاؤس شطر الغب +

Aneurysm	انورزم	ابورسما ابورسما دراصل صحیح انورسما ہے شریان کا پھیل کر تھیلی بنجانا
General Paralysis	جنرل پیرے لے سس	ابوبلقیا (ابوبلفسیا) وہ فالج جو دونوں طرف ہو صرف چہرہ محفوظ ہو +
General Paralysis of Insane	جنرل پیرالائی سسز آف ان سین	ابو بلقسیا جنونی دیکھو استرخار عام جنونی +
Leukæmia	لیوکیمیا	ابیصاض دم خون میں سفید دانوں کا زیادہ ہوجانا
Splenic Leukaemia	اسپلے نک لیوکیمیا	ابیضاض دم طحالی جو طحال کی خرابی سے ہو +
Medullary Leukæmia	میڈلری لیوکیمیا	ابیضاض دم مُخّی / نُخّی جو ہڈیوں کے مغز کی خرابی سے ہو +
Lymphatic Leukaemia	لمفے ٹک لیوکیمیا	ابیضاض دم غددی جو غدد جاذبہ کی خرابی سے ہو +
Pseudo-Leukaemia ※	سیوڈو لیوکیمیا / ہاج کنس ڈزیز	ابیضاض دم کاذب
Epilepsy	اپی لپسی	ابی لیمیا (ابی لبسیا) مرگی، صرع +
Dilatation of the Pupil	ڈائلے ٹے شن آف دی پیوپل	اِتّساع۔ اتساع ثقبہ پتلی کا پھیل جانا +
Bronchiectasis	بران کی اک ٹے سس	اتساع شُعَب ہوا کی نالیوں کا پھیل جانا +
Corn	کارن	اَٹن دیکھو گھٹہ +
Congestion. Hyperemia. Abortion.	کنجس چن، ہائی پیریمیا ابارشن، مس کیرج، ایبکٹس ونٹر	اجتماع خون اجہاض (اسقاط حمل)

※ Hodgkin's Disease

له Miscarriage. Abactus Ventar.

Amenorrhoea	اَمِے نُورِیَا	احتباس طمث دیکھو "عُسرالطمث"
Amenorrhoea Hemostasis	ایمے نوریا	احتباس حیض / طمث ؍؍ خون حیض کا بند ہو جانا +
Congestion Hyperemia	کنجس چن، ہائی پریمیا	احتقان (امتلاء) خون جمع ہونا :
Active Hyperemia	ایکٹو ہائی پریمیا	احتقان ذاتی جبکہ خون شریانوں میں جمع ہوتا ہے
Passive Hyperemia	پے سیو ہائی پریمیا	احتقان قسری / قہری ؍؍ جبکہ خون وریدوں میں جمع ہوتا ہے
Hydro- pericardium	ہائڈرو پیریکارڈیم	احتواء الرطوبۃ علی القلب غلاف قلب کے اندر پانی کا جمع ہونا
Nocturnal Emission	ناک ٹرنل ایمی شن	احتلام
Paroxysmal- Hemoglobin- urea	پیراکسزمل ہیموگلوبین یوریا	احمرار بول ذونوائب باری سے پیشاب کا سرخ ہو جانا
Erythema	اری تھی ما	احمرار الجلد جلد کا سرخ ہو جانا +
Erythema Induratom	اری تھی ما انڈیوریٹم	احمرار صلب صُلب - سخت
Erythema-ab- igni	اری تھی ما اب اگنی	احمرار ناری نار - آگ
Ataxia	اٹیکسیا	اختلاج عضو کا پھڑکنا +
Palpitaion	پلپی ٹیشن	اختلاج قلب قلب کا پھڑکنا۔ خفقان +
Imbicility	امبے سی لی ٹی	اختلاط عقل / ذہن ؍؍

		خبط - بد حواسی ۔
Diarrhoea Paroxysmal Dirrhoea	(۱) ڈائریا (۲) پیراکسزمل ڈائریا	**اختلاف** دست آنا - باری سے دست آنا ۔
Astigmatism	ایس ٹگماٹزم	**اختلاف البصر** ایک آنکھ کا درست ہونا۔ اور دوسری میں قریب نظری یا بعید نظری کا ہونا ۔
Asphyxia Suffocation	ایس فکسیا یسفوکیشن	**اختناق** دم گھٹنا ۔
Hysteria	ہسٹیریا	**اختناق الرحم** مرگی کے مانند ایک مرض ہے جو عموماً عورتوں کو ہوتا ہے ۔
Hysteria Minor	ہسٹیریا مائنر	**اختناق الرحم خفیف (صغیر)** ہلکی قسم کا اختناق الرحم ۔
Hysteria Major	ہسٹیریا میجر	**اختناق الرحم شدید (کبیر)** شدید قسم کا اختناق الرحم ۔
Varicocele	ویری کوسیل	**اُدرۃ دوالیہ** خصیہ کی پھولی ہوئی دریدیں ہیں ۔
Hydrocele	ہائڈروسیل	**اُدرۃ مائیہ** فوطوں میں پانی کا بھر جانا ۔
Locomotor Ataxia	لوکوموٹر اٹیکسیا	**ارتعاش انتقالی** تشوش حرکت ۔
Progressive Locomotor Ataxia	پروگریسیو لوکوموٹر اٹیکسیا	**ارتعاش انتقالی متقدم**
Cerebral Ataxia	سریبرل اٹیکسیا	**ارتعاش مُخی** وہ ارتعاش بدنی جو مقدم دماغ (مخ) کی کسی آفت سے ہو ۔
Delirium Tremens	ڈلیریم ٹریمنس	**ارتعاش ہذیانی**

		ہذیان السکارٰی
Purpura	پرپیورا	**ارجوانیہ** کہبت، وہ ارغوانی رنگ کے دھبے جو جلد کے نیچے خون بہنے سے پڑ جاتے ہیں +
Purpura Simplex	پرپیورا سمپلیکس	**ارجوانیہ بسیطہ** کہبت بسیطہ، کہبت ساذجہ +
Purpura Rheumatica	پرپیورا روماٹیکا	**ارجوانیہ حداریہ** کہبت وجع مفاصل - یہ ارجوانیہ گٹھیے کی وجہ سے ہوتا اور سیاہ ہوتا ہے +
Purpura Haemorrhagica	پرپیورا ہیموراجیکا	**ارجوانیہ نزفیہ** کہبت نزفیہ +
Henoch's Purpura	ہے نکس پرپیورا	**ارغوانیہ عصبیہ** جس میں بچے زیادہ تر مبتلا ہوتے ہیں۔ امعاء کی خرابی، درد، سہال، قے، ورم مفاصل، نزف اغشیۂ مائیہ ساتھ ہوتے ہیں +
Jaundice	جانڈس	**ارقان (یرقان)**
Diplopia	ڈپلوپیا	**ازدواج البصر** بصر ثنائی، ایک کا دو نظر آنا +
Hyperplasia	ہائپرپلاسیا	**ازدیاد خلقت** کسی عضو کا زائد ہونا +
Metrorrhagia	مٹرارجیا	**استحاضہ** مقدار طبعی سے زیادہ حیض کا جاری رہنا۔ دیکھو کثرت طمث +
Paresis Palsy Paralysis	پیریسس۔ پالسی پیرے لےسس	**استرخاء** فالج، شلل، قوت حرکت کا جاتا رہنا +

Paralysis Agitans	پیرے لے سس ایجی ٹانس	استرخاء ارتعاشی فالج مع رعشہ ÷
Lead Palsy		استرخاء اسربی دیکھو فالج رصاصی +
Paraplegia		استرخاء اسفل دیکھو فالج اسفل +
Relaxation of Mamma	ری لیکسیشن آف میما	استرخاء الثدی چھاتیوں کا ڈھیلا ہو جانا ÷
Ptosis	ٹوسس	استرخاء جفن پپوٹے کا ڈھیلا ہو جانا +
Wasting Palsy	واسٹنگ پالسی	استرخاء ذبولی فالج ذبولی +
General Paralysis	جنرل پیرے لے سس	استرخاء عام
General Paralysis of Insane	جنرل پیرے لے سس آف دی انسین	استرخاء عام جنونی ابولیقیا جنونی +
Writer's Palsy Writers Paralysis	رائٹرس پالسی۔ رائٹرس پیرے لے سس	استرخاء کتابت
فالج الکتاب یہ فالج کاتبوں، محرروں اور تار بابوؤں کو ہوا کرتا ہے +		
Elongation of the Uvul	الانگے شن آف دی یوویولا	استرخاء اللہات کوّا لٹکنا +
Vesical Paralysis	ویسائیکل پیرے لے سس	استرخاء مثانہ مثانہ کا ڈھیلا ہو جانا ÷
Dilatation of the Stomach	ڈائلے ٹیشن آف دی سٹمک	استرخاء معدہ معدہ کا ڈھیلا ہو کر پھیل جانا
Crossed Paralysis		استرخاء متقابل دیکھو فالج صلیبی ÷
Dropsy	ڈراپسی	استسقاء کسی عضو کے اندر پانی کا جمع ہو جانا ÷
Hydro-cephalus	ہائیڈروکیفےلس	استسقاء الرأس

ماء الراس، کھوپڑی کے اندر پانی کا جمع ہونا +

اصطلاح	تلفظ	English	تشریح
استسقاء الرحم	ہائیڈرو میٹرا	Hydro-metra	رحم کے جوف میں پانی جمع ہونا +
استسقاء زقی	اسائی ٹیز	Ascites	شکم میں پانی کا بھر جانا +
استسقاء صدری	ہائیڈرو تھوریکس	Hydro-thorax	اجتماع الماء فی الصدر۔ سینہ کے اندر پانی جمع ہونا
استسقاء عام	جنرل ڈراپسی	General Dropsy	اندرونی اور بیرونی اعضاء کا استسقاء +
استسقاء غلاف القلب	ہائیڈرو پیری کارڈیم	Hydro-pericardium	سباحۃ القلب، غلاف قلب کے اندر پانی کا بھر جانا
استسقاء الکلیہ	ہائیڈرو نفروسس	Hydro-nephrosis	گردہ کا استسقاء +
استسقاء لحمی	اناسارکا	Anasarca	تمام بدن کی نرم ساخت میں پانی کا بھر جانا +
استسقاء مشیمہ	ڈراپسی آف دی ایم نین	Dropsy of the Amnion	جنین کی بیرونی جھلی میں پانی کا جمع ہونا +
استعداد نزف	ہیمے فیلیا	Hemophilia	انسان کی وہ حالت جس میں بآسانی اسکی رگوں سے خون جاری ہوجاتا ہے +
استمناء بالید	مسٹربے شن	Masturbation	جلق، مشت زنی۔ دیکھو جلق +
أسر البول	ری ٹینشن آف یورن اسکوریا	Retention of urine Ischuria	پیشاب کا بند ہوجانا +
أسر الطمث	امے نوریا	Amenerrhœa	احتباس طمث، خون حیض کا ایام مقررہ پر نہ خارج ہونا +
اسقاط	مس کیریج، ابارشن ابیکٹس ونٹر	Miscarriage Abortion Abaetus Venter	
اسقاط اعتیادی	ہیبی چوال ابارشن	Habitual Abortion	

		استقاط کی عادت ہونا +
Diarrhœa	ڈائریا	اسہال دستوں کا مرض +
Mucous Diarrhœa	میوکس ڈائریا	اسہال بلغمی اسہال مخاطی، وہ دست جس میں آؤں اور بلغم خارج ہوں +
Meleana	مے لینا	اسہال الدم براز دموی، خون کے دست +
Bilious Diarrhœa	بلی اس ڈائریا	اسہال صفراوی پت کے دست +
Nervous Diarrhœa	نروس ڈائریا	اسہال عصبی
Irritative Diarrhœa	اررِی ٹے ٹو ڈائریا	اسہال لذعی وہ دست جو امعاء وغیرہ کے حرقت و لذع سے آتے ہوں +
Inflammatory Diarrhœa	انفلامٹری ڈائریا	اسہال ورمی دست جو ورم کی وجہ سے آئے +
Choleriform Diarrhœa	کالری فارم ڈائریا	اسہال ہیضہ نما
Atrophia	اٹروپیا	اطروفیا ہزال البدن، کسی عضو کا لاغر ہوجانا +
Displace ment of the uterus Flextion of the Uterus	(۱) ڈس پلیس منٹ آف دی یوٹرس (۲) فلکشن آف دی یوٹرس	اعوجاج الرحم (۱) وضع طبعی سے رحم کا ہٹ جانا (۲) میلان الرحم، رحم کا ٹیڑھا ہوجانا +
Syphilis	سفلس	افرنجی آتشک حقیقی +
Secondary Syphilis		افرنجی ثانوی دیکھو آتشک ثنائی، درجہ دوئم آتشک کا +
Hereditary Syphilis	ہیریڈیٹری سفلس	افرنجی وراثی موروثی آتشک، جو بچہ کو ماں باپ کی وجہ سے ہوجائے +
Hydatid Cyst	ہائی ڈیٹڈ سسٹ	اکیاس دیدانیہ کیڑے کی تھیلیاں جو کہ جگر میں ہوتی ہیں +

English	تلفظ	نام	تشریح
Union of the Laoia	یونین آف دی لے بیا	التصاق الشفرتین	فرج کے لبوں کا باہم چپک جانا +
Osseous Ankylosis	آسی آس انکائی لوسس	التصاق عظمی	جوڑوں میں ہڈی کا مادہ پیدا ہو جانا +
Adherent Pericardium	اڈہیرنٹ پری کارڈیم	التصاق غلاف القلب	غلاف القلب کا قلب کے ساتھ چسپاں ہو جانا +
Ankylo-glossia	انکائی لوگلاسیا	التصاق اللسان	زبان کا آس پاس کی ساخت کے ساتھ چسپاں ہو جانا +
Ankylosis	انکائی لوسس	التصاق المفاصل	جوڑوں کا چسپاں ہو جانا +
Lateral Dislocation of the Spinal Vertebrae	لیٹرل ڈسلوکے شن آف دی اسپائنل ورٹبری	التواء	ریڑھ کے مہروں کا کسی ایک پہلو کی طرف ٹل جانا +
Intussusception	ان ٹس سس سپ شن	التواء امعاء	آنتوں میں گرہ پڑ جانا +
Torti Collis	ٹارٹی کالس	التواء العنق	درد گردن جس میں گردن اینٹھ جاتی ہے +
Wry Neck	رائی نیک	التواءُ العنق	گردن میں بل پڑنا +
Infiammation	انفلامے شن	التہاب (ورم حار)	وہ ورم جس کے ساتھ سرخی اور درد و حرارت وغیرہ ہو +
Rhinitis	رائی نائی ٹس	التہابُ الانف	ورم انف ۔ ناک کا ورم +
Pylephlebitis	پائلے فلے بائی ٹس	التہاب باب الکبد	ورم باب الکبد +
Blastomycetic Dermatitis		التہاب جلدی فطری	دیکھو ورم جلدی خمیری +
Interstitial Inflamation	انٹرس ٹی شل انفلامے شن	التہاب خلالی (ورم خلالی)	وہ ورم جو اصل جوہر میں نہ ہو۔ بلکہ جوڑنے والی درمیانی ساخت میں ہو

English	Urdu transliteration	Urdu name
Spreading Cellulitis	اسپریڈنگ سیلیولائی ٹس	التہاب خلوی منتشر ورم فلغمونی منتشر ؞
Peritonitis	پیری ٹونائی ٹس	التہاب صفاق ورم صفاق ؞
Osteitis	آسٹیائی ٹس	التہاب عظمی ہڈی کا ورم +
Croupous Inflammation	کروپس انفلامے شن	التہاب غشائی وہ ورم جس میں جھوٹی نئی جھلی پیدا ہوجاتی ہے ؞
Stomatitis	اسٹومے ٹائی ٹس	التہاب فم ورم فم منہ کا ورم +
Chronic Inflamation	کرانک انفلامے شن	التہاب مُزمن دیرپا ورم +
Plastic Inflammation		التہاب منبت دیکھو (ورم منبت) وہ ورم جس سے کوئی نئی ساخت مقام ورم میں پیدا ہوجائے ؞
Spreading Inflammation	اسپریڈنگ انفلامے شن	التہاب منتشر ورم ساعی۔ پھیلنے والا ورم +
Parenchymatous Inflammation		التہاب نسیج خاص دیکھو ورم جوہری +
Tooth-ache Odantalgia	ٹوتھ ایک۔ اوڈن ٹلجیا	الم السن دانت کا درد +
Aneurysm	انورزم	اُم الدم انورسما +
Infantile Convulsion Infantile Epilepsy		اُم الشیاطین دیکھو ام الصبیان
Sore of boil	سور آف بائل	اُم القیح پھوڑے کی کیل ؞
Infantile Convulsion Infantile Epilepsy	(۱) انفنٹائل کنولشن (۲) انفنٹائل اپی لیپسی	اُم الصبیان
Fever	فیور	اُم ملدم

		حمی۔ تپ، بخار ۔
Congestion Hyperemia	کنجس چن۔ ہائی پریمیا	امتلاء خون کا جمع ہوجانا ۔
Hydro-pericardium	ہائیڈرو پیری کارڈیم	امتلاء غلاف القلب
Vaxy Diseases	ویکسی ڈزیز ز	امراض شمعیہ وہ امراض جن میں اعضاء کی ساخت چربی میں بدل جاتی ہے ۔
Venereal Diseases	وینیرل ڈزیزز	امراض زہریہ سوزاک اور آتشک وغیرہ کو کہا جاتا ہے جو بدکاریوں کے نتیجے ہوتے ہیں ۔
Tubecular Diseases	ٹیوبرکولر ڈزیزز	امراض سلیہ امراض درنیہ ۔
Periodical Disease	پیریاڈیکل ڈزیزز	امراض نائبہ باری کے امراض ۔
Hereditary Diseases	ہیریڈیٹری ڈزیزز	امراض وراثیہ موروثی امراض، جو ماں باپ سے بچہ کو لاحق ہوتے ہیں ۔
Quotedion Fever	کوٹیڈین فیور	امغیا رینوس حمی مواظبہ، ہر روز کی باری کا بخار ۔
Haemorrhoids	ہیمو رائڈز	اموریدوس بواسیر ۔
Blepharitis	بلی فرائی ٹس	انبوسیما سلاق، بامنی، ورم اجفان ۔
Tympanites	ٹمپے نائی ٹیز	انتفاخ البطن پیٹ کا اپھارہ ۔
Emphysema	امفی سی ما	انتفاخ الریہ پھیپھڑے کا ہوا سے پھول جانا ۔
Sty	اسٹائی	انجن ھاسی (ہ) دیکھو شعیرہ اور گہانجنی ۔
Collapse		انحطاط قویٰ دیکھو ہبوط قوی ۔
Solution of Unity	سولیوشن آف یونیٹی	انحلال الفراد (تفرق اتصال)

Dislocation	ڈسلوکے شن	انخلاع (خلع) کسی عضو کا اپنی جگہ سے ٹل جانا +
Dislocation	ڈسلوکے شن	انزعاج خلع +
Atresia	اٹریسیا	انسداد کسی نالی یا سوراخ کا بند ہونا۔ انغلاق
Obstruction	آبسٹرکشن	انسداد سُدّہ پڑ جانا +
Intestinal Obstruction	ان ٹسٹائنل آبسٹرکشن	انسداد امعاء آنتوں میں سدہ پڑنا +
Atresia of the os Uteri	اٹریسیا آف دی آس یوٹرائی	انسداد فم رحم رحم کے مُنہ کا بند ہونا +
Atresia of the Flopian Tube	اٹریسیا آف دی فلوپین ٹیوب	انسداد قاذف قاذف نالی کا بند ہونا +
Atresia of the Rectum	اٹریسیا آف دی رکٹم	انسداد مستقیم معائے مستقیم یعنی آخری اور نچلی آنت کا بند ہونا +
Atresia Ani	اٹریسیا اینائی	انسداد مقعد مقعد کا بند ہونا +
General Atrophy	جنرل اٹروفی	انسلال البدن تمام بدن کا لاغر ہونا +
Rupture	رپچر	انشقاق شقاق، پھٹنا +
Hemorrhagic Infarct	ہیموریجک انفارکٹ	انصباب دموی کہبت نزفیہ۔ وہ دھبہ جو جلد کے نیچے خون کے جم جانے سے لاحق ہوتا ہے +
Rupture of the vessel	رپچر آف دی ویسل	انصداع کسی رگ کا پھٹ جانا +
Achromatism	ایکروماٹزم	انعدام اللون
Atresia	اٹریسیا	انغلاق

		کسی نالی یا سوراخ کا بند ہونا +
Imperforate Hymen		انغلاق الفرج دیکھو بکارت غیر مثقوب +
La grippe Enfluenza	لاگرپ۔ انفلوئنزا	انف العنزہ وبائی نزلہ وزکام +
Febrile Enfluenza	فبرائل انفلوئنزا	انف العنزہ حمیہ بخار والا انف العنزہ +
Nervous Enfluenza	نروس انفلوئنزا	انف العنزہ عصبیہ انف العنزہ دماغیہ +
Rupture of the vessel	رپچر آف دی ویسل	انفجار کسی رگ کا پھٹ جانا +
Organic Stricture	آرگینک اسٹرکچر	انقباض مندملی زخم بھرنے کے بعد ساخت کا سکڑ جانا جس سے نالی تنگ ہو جائے :
Suppression of Urine	سپریشن آف یورن	انقطاع البول پیشاب کا منقطع ہو جانا +
Inversion of the Uterus	انورشن آف دی یوٹرس	انقلاب الرحم رحم کا لوٹ جانا +
Onychia	اَنی کیا	انگل بیڑا (ہ) داخس۔ بسہری، دو در ناک ورم جو ناخن کے قریب ہوتا ہے :
Aneurysm	انوریزم	انورسما شریان کی دیواروں کا پھیل کر تھیلی کی طرح ہو جانا +
Miliaria Rubra	پرکلی ہیٹ	انھوریاں (ہ) دیکھو حصف +
Gummata	گمٹا	اورام صمغیہ اس قسم کے اورام کے اندر صمغ (گوند) سا مادہ پیدا ہوتا ہے :
Oedema	اڈیما	اوذیما تہیج، ورم رخو۔ بھربھراہٹ +
Congestive Oedema	کنجسٹو اڈیما	اوذیما احتقانیہ تہیج دموی + وہ تہیج اور بھربھراہٹ جسکے ساتھ اجتماع خون بھی ہو :

Local Spreading Oedema	لوکل اسپریڈنگ اڈیما	اوذیماموضعیہ ساعیہ
Inflammatory Oedema		اوذیمائی ورمیہ دیکھو تہیج التہابی +
Vericose Veins	ویری کوز وینز	اوردۂ دوالیہ پھولی ہوئی رگیں (وریدیں)
Ileus	الی اَس	ایلاؤس
قولنج التوائی جس میں منہ کی راہ پاخانہ کا سامادہ خارج ہوتا ہے۔		
	ب	
Piles	پائلز	باسور بواسیر +
Boil	بائل	بالتوڑ دیکھو دمل +
Malignant Pustule		بُثرہ خبیثہ دیکھو جمرہ خبیثہ +
Eruption	ایرپشن	بثور دانے، پھنسیاں +
Pustule	پس چیول	بُثور پھنسیاں، دانے +
Prickly Heat	پرکلی ہیٹ	بثور شوکیہ گرمی دانے - انھوریاں +
Pustular Acne Acne	پسچولر اکینی، اکینی	بثور لبنیہ مہاسے +
Acne Rosacea	اکینا روزسیا	بثور لبنیہ وردیّہ گلابی مہاسے +
Hoarseness of Voice	ہورس نس آف وائس	بُحّۃ الصّوت
آواز کا بیٹھ جانا، بھاری ہوجانا، گرفتگی آواز۔		
Crisis	کرائی سس - اکی	بُحران

Fever	فیور	بخار (حمی) بدن کی حرارت کا غیر معمولی طور پر بڑھ جانا +
Ozoena	اوذینا	بخر الانف پینس۔ ناک سے بدبو آنا +
Bubo Bubon		بدھ (ہ) دیکھو خبرجل (باگھی) +
Inflammation of the Diaphragm	انفلامیشن آف دی ڈایافرام	برسام حجاب حاجز کا ورم +
Leucoderma	لیکوڈرما	برص
Diabetes	ڈایابیٹیز	برکاریہ ذیابیطس +
Onychia	اونی کیا	بسبھری (ہ) دیکھو انگل بیڑا، داخس +
Diplopia	ڈپلوپیا	بصر ثنائی دیکھو ازدواج البصر +
Presbyopia	پرس بائی اوپیا	بصر الشیوخ بڑھاپے کی نظر۔ جس میں نزدیک کی چیزوں کا دیکھنا مشکل ہوتا ہے +
Brady-Cardia	بریڈی کارڈیا	بطوء قلب قلب کی حرکت کا سست اور کمزور ہو جانا +
Siborrhoea	سی بوریا	بفا (ہ) حزاز، ابریہ +
Patches of Anaesthesia	پیچیز آف انس تھیسیا	بقع خدرات، بقع خدری بدن کے بےحس حصے +
Painful Patch	پین فل پیچ	بقعہ مولمہ دردناک حصہ +
Imperforate Hymen	امپرفوریٹ ہائمن	بکارت غیر منقوب انغلاق الفرج، اندام کے سوراخ کا بالکل نہ ہونا +
Climacteric Dementia	کلائی میکٹرک ڈی منشیا	بلاہت شیخوخت

English	تلفظ	نام مرض
		خرفیت - بلاہت ایام یاس، سٹھیا جانا +
Oriental Sore	اورنٹیل سور	بلخیہ
		عالمگیری پھوڑا ، لاہوری پھوڑا +
Piles Hemorrhoids	پائلز - ایمورائڈز	بواسیر
		مقعد کے وریدی مسّے جن سے گاہے خون خارج ہوتا ہے +
Polypus Nasi	پالی پس نیزائی	بواسیر الانف
		ناک کی بواسیر، ناک کے اندر کے مسے +
Polypus of Uterus	پالی پس آف دی یوٹرس	بواسیر الرحم
		رحم کی بواسیر، رحم کے مسے +
Hemoglobin uria	ہیموگلوبین یوریا	بول احمر دموی
		جس میں پیشاب کے ساتھ خون کی سُرخی (حمرت دمویہ) خارج ہو +
Haematuria	ہیمے چوریا	بول الدم
		خون کا پیشاب، جس میں خون آتا ہو، صرف خون کی سُرخی ہی نہو +
Albuminuria	البیومی نوریا	بول زلالی
		جس میں پیشاب کے ساتھ رطوبت بیضیہ (زلال بیض) خارج ہو
Toxic Albuminuria	ٹاکسک البیومی نوریا	بول زلالی سمی
Neurotic Albuminuria	نیوروٹک البیومی نوریا	بول زلالی عصبی
Organic ※	آرگے نک البیومی نوریا	بول زلالی عضوی
		گردہ کی ساخت کی خرابی سے پیشاب میں رطوبت بیضیہ کا خارج ہونا +
Glycosuria	گلائی کوسوریا	بول سکری
		پیشاب میں شکر کا خارج ہونا، جیسا کہ ذیابیطس کی ایک قسم میں ہوتا ہے +
Anuresis Nocturnal. Bed Wetting	اے نیورے سس ناکٹرنل بیڈ وے ٹنگ	بول فی الفراش
		سونے کی حالت میں پیشاب ہو جانا +
Anorexia	اینورکسیا	بولیموس
		ضعف اشتہا (جوع بقری) جس میں بھوک نہیں لگتی ہے +
Asthma	ایستھما - ایزما	بُہر (دمہ)
Logophosis- Deafness		بہرا ہونا (ص) دیکھو طرش ، اور صمم +

※ Albumi northoea.

English	Pronunciation	Urdu
Fistula-in-Ano		بھگندر (ہ) دیکھو ناصور مقعد +
Opacity of the Carnia	اپیسی ٹی آف دی کارنیا	بیاض (پھولا) +
Nebula	نی بیولا	بیاض رقیق آنکھ کا رقیق پھولا، غمام، سحاب +
Macula—Corneae	مے کیولا کارنی	بیاض عین گل چشم، پھولا جبکہ غلیظ ہو +
Leukoma	لیوکوما	بیاض القرنیہ لہ عتامۃ القرنیہ، آنکھ کا پھولا جبکہ غلیظ ہو +
Leukoplakia	لیوکوپلے کیا	بیاض اللسان زبان کا سفید ہونا +
Beriberi	بیری بیری	بیری بیری یہ سنگھالی لفظ ہے، اس کی ماہیت حصہ دیگر (بیری بیری) میں دیکھیں +

پ

English	Pronunciation	Urdu
Insanity Madness Mania		پاگل پن (ہ) دیکھو "جنون" +
Chilblain. Frost bite		پالا مارنا (ہ) دیکھو تصقیع اور خصر +
Broncho Pneumonia	برانکو نمونیا	پسلی چلنا (ذات الریہ شعبیہ)
Hanging	ہینگنگ	پھانسی لگنا (خنق بالوہق) +
Pustule	پس چیول	پھنسی (بثور)
Abscess	ایبسس	پھوڑا (دُبیلہ۔ خراج)
Opacity of the Carnia Nebula.		پھولا (ہ) دیکھو بیاض۔ بیاض رقیق، بیاض عین +
Macula. Leukoma	لیوکوما	پھولا بیاض القرنیہ، عتامۃ القرنیہ، بیاض العین +
Dysentery	ڈسنٹری	پیچش (زحیر) وہ مرض ہے جس میں آنتوں میں مروڑ ہوتا ہے، آؤں اور گاہے خون خارج ہوتا ہے +
Ozoena	اَزینا	پینس (ہ)

لہ عتمہ: رات کی تاریکی +

		بخر الانف۔ ناک سے بدبو آنا +
		ت
Necrosis	نکروسس	تاکّل موت العضو، عضو کا مردہ ہوجانا۔ سڑ جانا +
Slough, Sloughing	سلف، سلفنگ	تاکّل درشخ۔ زخم کی گلی ہوئی ساخت +
Remittent Fever	ریمی ٹنٹ فیور	تپ مفترّہ وہ بخار جو ہر وقت قائم رہے، اور کسی وقت اس میں تخفیف پیدا ہوجائے +
Ague Fever	اگیو فیور	تپ لرزہ (تپ موسمی)
Hyperpyrexial Fever	ہائی پر پائی ریکسیل فیور	تپ محرقہ وہ بخار جس کی حرارت بہت زیادہ ہو +
Tertian Fever	ٹرشین فیور	تجاسری بخار (غب دائرہ)
Granular Kidney	گرے نیولر کڈنی	تحبّب کلیہ
Sclerosis	اسکلے روسس	تحجّر تصلّب، صلابت، ورم صُلب، سخت ورم +
Osteo-Sclerosis	آسٹیو اسکلے روسس	تحجر العظم ہڈی کا سخت ہوجانا +
Osseous Ankylosis	آسشی اس انکائی لوسس	تحجر عظمی جوڑوں میں ہڈی کا مادہ پیدا ہوجانا +
Ankylosis	انکائی لوسس	تحجر مفاصل التصاق مفاصل، جوڑوں کا چسپاں ہوجانا +
Fibrous Ankylosis	فائبرس انکائی لوسس	تحجر مفاصل لیفی جوڑوں میں ریشہ دار ساخت کے پیدا ہونے سے انکا سخت ہوجانا +
Lysis	لائی سس	تحلیل مرض تحلّل مرض، مرض کا بتدریج دور ہونا +
Thrombosis	تھرامبوسس	تخثّر رگوں کے اندر خون کا منجمد ہوجانا +
Thrombus	تھرامبس	تخثّر
Zymosis	زائی موسس	رگوں کے اندر کا خون منجمد +

Tuberculosis	ٹیوبر کیولوسس	تدرّن دیکھو سل +
Tubercular Kidney	ٹیوبر کولر کڈنی	تدرن کلیہ دیکھو سل کلیہ +
Baldness	بیلڈنس	تساقط شعر سقوط شعر، بال گرنا +
Intoxication	ان ٹاکسی کے شن	تسمّم زہریلا ہوجانا، بدن میں زہر کا پھیل جانا +
Alcoholic Intoxication		تسمم الکحولی دیکھو تسمم خمری +
Uremia	یوریمیا	تسمم بولی پیشاب کا زہر تمام بدن میں پھیل جانا +
Anthracemia	انتھراسیمیا	تسمم جمری جمرۂ خبیثہ کی وجہ سے خون میں زہر کا پھیل جانا +
Alcoholic Intoxication	ایلکحالک ان ٹاکسی کے شن	تسمم خمری تسمم الکحولی، شراب کا زہر بدن میں پھیل جانا +
Toxemia	ٹاکسی میا	تسمم دمی خون میں سمیت (زہر) کا پھیل جانا +
Sapremia Sapraemia	سپریمیا	تسمم عفن
Fatty Degeneration	فیٹی ڈی جنریشن	تشحم ساخت کا چربی میں بدل جانا +
Fatty Degeneration of the Heart	فیٹی ڈی جنریشن آف دی ہارٹ	تشحم قلب قلبی ساخت کا چربی میں بدل جانا +
Lardaceous Disease of the Kidney	لارڈیسشس ڈزیز (آف دی کڈنی)	تشحم کلیہ گردوں کی ساخت کا چربی میں بدل جانا +
Fatty Degeneration of the Liver	فیٹی ڈی جنریشن آف دی لور	تشحم کبد

English	تلفظ	اردو
		جگر کا چربی میں بدل جانا +
Lesion	لیثرن	تشقق (ضرب)
Spasm Convulsion	اسپیزم۔ کنولشن	تشنج سکڑنا، اینٹھنا +
Clonic Spasm	کلونک اسپیزم	تشنج ارتجاجی وہ تشنج جو رُک رُک کر ہو +
Organic Stricture	آرگے نک اسٹرکچر	تشنج اندمالی زخم بھرنے کے بعد ساخت کا سکڑ جانا جس سے نالی تنگ ہو جائے +
Laryngismus Stridulus	لیرنجس مس اسٹری ڈولس	تشنج حنجرہ شخیری حنجرہ کی اینٹھن جس کے ساتھ آواز بھاری ہو گئی ہو +
Spasm of the Muscles	اسپیزم آف دی مسلز	تشنج عضلات " عضلی عضلات کا اینٹھنا +
Tonic Spasm	ٹانک اسپیزم	تشنج قوی تشنج جو دیرپا ہو، اور مسلسل قائم رہے +
Locomotor Ataxia		تشوّش حرکت دیکھو ارتعاش انتقالی
Sclerosis Scirrhus		تصلب دیکھو تحجر اور سقیروس +
Erythema Induratum	اری تھی ما انڈیورے ٹم	تصلب احمرادی جلد کا سرخ اور سخت ہو جانا +
Artarial Sclerosis	آرٹے ریل اسکلے روسس	تصلب شرائین شریان کی دیواروں کا سخت ہو جانا +
Chilblain	چل بلین	تصقیع (خصر) پالا مارنا، سردی سے کسی عضو کا مردہ ہو جانا +
Compression of the Brain	کمپریشن آف دی برین	تضاغط دماغ دماغ کا دب جانا +
Stricture	اسٹرکچر	تضیّق، تضیق مجری نالی کا تنگ یا بند ہو جانا +

English	تلفظ	نام	تشریح
Septicaemia	سپٹی سیمیا	تعفّن دم	خون میں عفونت کا پھیل جانا +
Phagedenic Ulceration	فیجےڈینک السریشن	تقرّح اکّال	کھانے والا زخم + وہ تقرح جو اعضا کی ساختوں کو کھاتا اور گلاتا چلا جائے +
Anaemic Ulceration	اینیمک السریشن	تقرح فقری	تقرح یعنی زخم جس کے ساتھ کمی خون بھی ہو +
Vaginismus	وجائی نس مس	تقلص مہبل	اندام نہانی کی اینٹھن +
Suppuration	سپورے شن	تقیح	کسی مقام میں پیپ بننا +
Pyorrhea Alveolaris	پائی اوریا الیولی اورس	تقیح اوادی	مسوڑھوں سے پیپ آنا +
Riggs Disease	رگزڈ زیز	تقیح اوادی	ناصور لثہ، مسوڑھوں کا ناصور +
Persietent Suppuration	پرسس ٹنٹ سپورےشن	تقیح دائم	ہمیشہ پیپ کا بننا +
Pyaemia	پائی میا	تقیح الدم	پیپ کا خون میں داخل ہوجانا +
Suppurating Appendix	سپورےٹنگ اپنڈکس	تقیح زائدۂ اعور	اعور نامی آنت کے زائدہ دودیہ میں پیپ پڑ جانا +
Empyema	امپائی ایما	تقیح صدر	جوف صدر میں پیپ کا جمع ہوجانا +
Aseptic Suppuration	اسپٹک سپورےشن	تقیح غیر عفونی	وہ تقیح جس کے ساتھ عفونت نہ ہو +
Pyosalpinx	پایوسلفنکس	تقیح نغانغ	نغانغ نامی نالیوں میں پیپ پڑ جانا +
Cirrhosis of the Lungs	سروسس آف دی لنگز	تلیّف الرئۃ	پھیپھڑے میں ریشوں کا پیدا ہوجانا +
Cirrhosis of the Liver	سروسس آف دی لور	تلیّف الکبد	

English	تلفظ	اصطلاح
		جگر میں ریشوں کا پیدا ہو جانا +
Double Convulsion	ڈبل کنولشن	تمدّد
		کسی عضو کے دونوں طرف کے عضلات میں تشنج کا واقع ہونا جس سے وہ سیدھا تنا رہے +
Lockjaw	لاک جا	تمدّد الفک
		کزاز الفک، زیرین جبڑے کے عضلات کا تشنج +
Laceration	لیسی رے شن	تمزّق
		پھٹنا، چرنا، شقاق، انشقاق +
Dilatation of the Heart	ڈائلے ٹیشن آف دی ہارٹ	توسّع القلب
		قلب کا پھیل کر فراخ ہو جانا +
Illusion	الیوژن	توہّم
		فساد تخیل، خیالات کا فاسد ہو جانا +
Hallucination Illusion		توہم فاسد
		دیکھو "فساد تخیل"
Oedema	اڈیما	تہبّج (بھربھراہٹ)
		ورم رخو، ڈھیلا ورم +
Inflammatory Oedema	انفلامٹری اوڈیما	تہبّج التہابی (ورمی)
		اوذیمائی ورمیہ، وہ تہبّج جس کے ساتھ ورم گرم کی علامتیں بھی موجود ہوں
Congestive Oedema	کنجسٹو ایڈیما	تہبّج دموی
		اوذیمائی احتقانیہ وہ تہبّج جس کے ساتھ خون کا مقامی اجتماع بھی ہو +
Oedema of the Scrotum	اڈیما آف دی اسکروٹم	تہبّج صفن
		فوطوں کی بھربھراہٹ، ڈھیلا ورم +
Oedema of the Glottis	اڈیما آف دی گلاٹس	تہبّج حنجرہ
		حنجرہ کے اندرونی اعضاء کا تہبّج +
Retching Nausia	ریچنگ، ناؤسیا	تہوّع (ابکائی)
Irritation	اری ٹے شن	تہیّج
		سوزش، لذع، خراش +

ث

English	تلفظ	اصطلاح
Warts	وارٹس	ثولول

اصطلاح	تلفظ	English
سے جو بدن پر پیدا ہو جاتے ہیں +		
ج		
جاورسیہ	ملی ایریا البا	Miliaria Alba
موتیوں کی طرح جھلک دار گرمی دانے +		
جحوظ	پروپ ٹوسس	Proptosis
آنکھ کے ڈھیلے کا باہر ابھر آنا +		
جُدری	اسمال پاکس، ویری اولا	Small-pox Variola
چیچک، سیتلا +		
جدری خبیث	ملگ ننٹ اسمال پاکس	Malignant Small-pox
(جلد کا مہلک) خبیث اور مہلک قسم کی چیچک +		
جدری خفیف	سمپل اسمال پاکس	Simple Small pox
سادہ اور خفیف چیچک +		
جدری خفیف	ماڈی فائڈ اسمال پاکس	Modified Small pox
ہلکی چیچک جو ٹیکہ لگائے ہوئے آدمیوں کو ہوتی ہے +		
جُدری دموی	ہیموریجک اسمال پاکس	Haemorrhagic Small-pox
(نزفی) وہ چیچک جس کے دانوں سے خون بھی جاری ہو		
جُدری متصل	کان فلوئنٹ اسمال پاکس	Confluent Small-pox
چیچک جس کے دانے پاس پاس ہوں +		
جُدری متفرق	ڈس کریٹ اسمال پاکس	Discrete Small-pox
چیچک جس کے دانے دور دور ہوں +		
جذام	لپریسی، لپروسی	Leprosy
کوڑھ مشہور خبیث جلدی مرض ہے +		
جذام خدری		Anæsthetic Leprosy
دیکھو "جذام مخدر" +		
جذام درنی	ٹیوبر کولر لپروسی	Tubercular Leprosy
جذام عقدی، گرہ دار کوڑھ +		
جذام عِقدی		Tubercular Leprosy
دیکھو جذام درنی +		
جذام مخدر	انس تھے ٹک لپروسی	Anaesthetic Leprosy

	وہ جذام جس کے ساتھ بے حسی ہو +	
Wound	اونڈ	جراحت (زخم)
Lacerated Wound Lacerated Injury	لیسی ریٹیڈ اونڈ - لیسی ریٹیڈ انجری	جراحت تمزقیہ پھٹا ہوا زخم +
Sore Nipple	سورنپل	جراحتِ حلمہ سرِ پستان کا زخمی ہونا +
Healthy Wound	ہلدی اونڈ	جراحت سلیمہ جراحت صحیحہ، وہ زخم جس کے ساتھ دیگر بُرے عوارض نہوں +
Penetrating Wound	پینی ٹریٹنگ اونڈ	جراحات نافذہ وہ زخم جس نے ساخت میں سوراخ کر دیا ہو +
Direct Injury	ڈائرکٹ انجری	جراحت واصلہ ضرب واصل +
Itch Scabies	اِچ، اسکے بیز	جرب خارش، کھجلی کا مرض، جس میں دانے بدن پر نکلتے ہیں +
Granulation	گرینیولیشن	جرب الاجفان پپوٹوں کے روہے، ککرے +
Trachoma	ٹرے کوما	جرب العین
Vesical Irritability		جرب مثانہ دیکھو لذع المثانہ +
German Measles	جرمن میزلس	جرمنی خسرہ
Wound Phagedena	اونڈ فیجی ڈینا	جروح آکالہ کھانے والا زخم +
Extravasation of Blood	اکسٹراویسے شن آف بلڈ	جریان دم تحت الجلد رگوں کے پھٹنے سے خون نکلکر زیر جلد منجمد ہو جانا +
Prostatorrhoea	پراسٹیٹوریا	جریان مذی مذی کا غیر معمولی طور پر بہنا +
Spermatorrhoea	اسپرمیٹوریا	جریان منی، جریان منی کا غیر معمولی طور پر بہنا +

English	تلفظ	نام
Ichthyosis Lingui	اکیتھی اوسس لنگوئی	جفاف اللسان زبان کا خشک ہو جانا +
Onanism Masturbation	انانزم بسٹربے شن	جلق استمنا بالید، مشت زنی
Malignant Pustule	ملگ ننٹ پسچیول	جمرہ خبیثہ شرہ خبیثہ +
Anthrax	این تھرکس	جمرہ خبیثہ
Catalepsy Ecstacy	کیٹالیپسی۔ ایکسٹیسی	جمود، شخوص
Tetanus Infantile Infantile Convulsion	ٹے ٹے نس انفنٹائل	جموگا (د) کزاز اطفال + (انفنٹائل کنولشن، تشنج اطفال) +
Insanity Madness Mania	ان سے نی ٹی میڈنس مے نیا	جنون (دیوانگی)
Meno-mania		جنون ابتہاجی دیکھو "داءالکلب" +
Hysteric Mania	ہسٹیرک مے نیا	جنون اختناقی وہ جنون جو اختناق الرحم سے عارض ہو +
Moral Mania	مارل مے نیا	جنون خُلقی مانیا ی خلقی
Dipso Mania	ڈپسو مے نیا	جنون خمری جس میں روز بروز تیز تر شراب پینے کی خواہش بڑھتی جاتی ہیں +
Acute Mania Mania	اکیوٹ مے نیا۔ مانیا	جنون سَبُعی (دیوانگی)
Cleptomania (Kleptomania)	کلیپٹو مے نیا	جنون سرقی جس میں چوری کی عادت ہوتی ہے (سرقہ، چوری)
Acromania	اکرو مے نیا	جنون شدید
Epileptic Mania	اپی لیپٹک مے نیا	جنون صرعی مرگی کا جنون (صرع۔ مرگی) +
Erotomania	ایروٹو مے نیا	جنون عشقی عشق سے جو جنون پیدا ہو +
Intellectual Mania	ان ٹلکچول مے نیا	جنون عقلی

		مانیا ی عقلی
Hydro-mania		جنون غرقی دیکھو "جنون مائی" +
Homicidal Mania	ہومی سائڈل مے نیا	جنون قتل عمد دوسرے انسان کو ہلاک کر دینے کا جنون +
Suicidal Mania	سوسے سائڈل مے نیا	جنون قتل نفس جنون قتل ذات، اپنے آپ کو ہلاک کرنے کا جنون +
Cynanthropy	سینن تھروپیا	جنون کلبی اس میں مریض اپنے آپ کو کتا سمجھنے لگتا ہے +
Hydro-Mania	ہائیڈرو مے نیا	جنون مائی پانی میں ڈوب جانے کا جنون، جنون غرقی +
Pyro-Mania	پائرو مے نیا	جنون ناری مکانوں میں آگ لگانے کا جنون +
Puerperal Mania	پوئرپیرل مے نیا	جنون نفاسی پیدسوت کا جنون، جو پیدسوت کی حالت میں عارض ہو +
Mono-Mania	مونو مے نیا	جنون وحدانی جنون مفرد، کسی ایک بات کا خبط +
Nosto-Mania (Nostalgia)	نوسٹو مے نیا	جنون وطن پردیس اور مسافرت میں بعض لوگوں کو اپنے وطن کا جنون ہو جاتا ہے +
Delirious Mania	ڈیلیریس مے نیا	جنون ہذیانی مبارسا، وہ جنون جو سرسام صفراوی میں ہوتا ہے
Anorexia	اینورکسیا	جوع البقر ضعف اشتہار طعام، بھوک کی کمی +
Frecles	فریکلز	جھائیں (ہ)
Bulimus Bulimia		جوع الکلب بولیمیس، شدت کی بھوک کا مرض +
Dazzle	ڈیزل	جھصر (روزکوری) دن کی روشنی میں سجھائی نہ دینا +
Sinus	سائنس	جیب

	وہ ناصور جس کا دوسرا سوراخ بند ہو +	
	چ	
Small Thread Worm Oxyuris Vermicularis		چنچنے (ہ) دیکھو "دیدان صغار" + چنونے (ہ) دیکھو "دیدان صغار" +
Quartan Fever	کوارٹن فیور	چوتھیا بخار (ہ) ربع دائرہ +
Eczema	اگزیما	چھاجن (ہ) نار فارسی +
Pityriasis	پٹی رائی سس	چھیپ (بہق ابیض)
Small-pox	اسمال پاکس	چیچک (جدری)
	ح	
Acute	اکیوٹ	حاد
Status Epileptica	اسٹے ٹس اپی لپ ٹیکا	حالت صرعی
	وہ حالت جس میں مرگی کی بیہوشی اور بخار کے ساتھ تشنج ہوتا ہے +	
Tape Worm	ٹیپ ورم	حب القرع کدو دانہ شکم کا +
Taenia Saginata Taenia Mediocanellata	ٹے نیا سیگی نے ٹا ٹے نیا میڈیو کینے لیٹا	حب القرع عام انسانی (قرعیات عامہ)
	وہ کدو دانہ جو عام طور پر انسان میں ہوتا ہے۔ قرعیات عامہ +	
Taenia Solium	ٹینیا سولیم	حب القرع مشبکی
	وہ کدو دانہ جس کے سر میں خمیدہ کانٹوں کی ایک قطار (حلقہ) ہوتی ہے۔ قرعیات مشبکیہ +	
Rheumatism	روماٹزم	حلاسا وجع مفاصل، جوڑوں کا مشہور مرض ہے، گٹھیا +
Pleurodynia	پلوروڈینیا	حلاسا الجنب پہلو کا درد جو گٹھیے کے قبیلہ سے ہوتا ہے +
Acrodynia	اکیروڈینیا	حلاسا حاد

		وجع مفاصل حاد۔ شدید گنٹھیا +
Gonorrhoeal Rheumatism	گنوریل روماٹزم	حدار سزھری گنٹھیا جو سوزاک سے پیدا ہو +
Muscular Rheumatism	مسکولر روماٹزم	حدار عضلی عضلات کا گنٹھیا +
Burn	برن	حرق آگ سے کسی عضو کا جل جانا +
Lightening Stroke	لائی ٹے ننگ اسٹروک	حرق الصاعقہ بجلی گرنا، بجلی سے جلنا +
Scald	اسکیلڈ	حرق الماء گرم پانی سے جل جانا +
Irritable Bladder	اِرری ٹیبل بلیڈر	حرقتِ مثانہ مثانہ آلمہ، سوزش مثانہ +
Heart burn	ہارٹ برن	حرقتِ معدہ جسکو عام لوگ کلیجہ جلنا کہتے ہیں +
Siborrhoea	سی بوریا	حزاز (ببفا) دیکھو ابریہ +
Calculi	کیل کیولائی	حصات پتھریاں، خواہ مثانہ یا گردہ یا جگر میں ہوں +
Biliary Calculi	بلی اری کیل کیولائی	حصات صفراویہ صفراوی پتھریاں جو جگر اور پتہ میں ہوتی ہیں +
Hepatic Claculi Stone of the Lever	ہے پے ٹک کیل کیولائی بلیری کیل کیولائی اسٹون آف دی لور	حصات الکبد جگر کی پتھریاں صفراوی پتھریاں
Stone in the kindney Renal Caluli	اسٹون اِن دی کڈنی رینل کیل کیولائی	حصات الکلیہ گردہ کی پتھریاں، سنگ گردہ +
Calculus vesici	کیل کیولس وسائی سی	حصات المثانہ مثانہ کی پتھری +

English	Transliteration	Term
Biliary Calculi	بلی اری کیل کیولائی	حصات المرارہ پتہ کی پتھریاں، صفراوی پتھریاں +
Gall Stone	گال اسٹون	حصات المرارہ پتہ کی پتھریاں +
Morbilli Measles	مار بلائی - میزلس	حصبہ (خسرہ)
Hemorrhagic Measles	ہیمورے جک میزلس	حصبۂ دمویہ حصبہ نزفیہ، وہ خسرہ جس کے دانوں سے خون جاری ہو +
Black Measles	بلیک میزلس	حصبۂ سوداء کالی خسرہ +
Habitual Constipation	ہیبی چوئل کانسٹی پے شن	حصر اعتیادی قبض دائمی، پرانا قبض +
Miliaria Rubra	ملی ایریا ربرا	حصفہ گرمی دانے، انھوریاں - ان دانوں کے پھندے میں سُرخی ہوتی ہے +
Pruritis Prurigo	پرورائی ٹس - پیروائیگو	حکہ خارش سادہ - کھجلی جس میں دانے نہوں +
Uterine Pruritis	یوٹرائن پیرورائی ٹس	حکۃ الرحم رحم کی خارش +
Prurigo Scroti	پرورائی گو اسکروٹائی	حکۃ الصفن فوطہ کی کھجلی +
Vulver Pruritis	ولور پیرورائیٹس	حکۃ الفرج
Pruritis Ani	پرورائی ٹس اینائی	حکۃ المقعد
Vaginal Pruritis	وجائی نل پیرورائی ٹس	حکۃ المہبل اندام نہانی کی خارش +
Erysipelas	اری سپلس	حُمرہ (سُرخ بادہ)
Hectic Flush	ہکٹک فلش	حُمرتِ دقیہ وہ سرخی جو مریض دق کے رخسارہ پر ہوتی ہے +
Adiocy	اڈیوسی	حُمق خِلقی پیدائشی حماقت +
Puerperal Dementia	پیوئرپرل ڈی منشیا	حُمق نفاسی

English	تلفظ	اردو
		پرسوت کا مرض حمق +
False Pregnancy	فالس پریگ نین سی	حمل کاذب بچہ کی بجائے دوسری چیز کا رحم میں ہونا +
Fever	فیور	حمّی (بخار) غیر معمولی طور پر بدن میں گرمی کا پھیل جانا +
Yellow Fever	یلو فیور	حمّی اصفر (زرد بخار)
Inflammatory Fever	انفلامٹری فیور	حمّی التہابیہ (ورمیہ) وہ بخار جو ورم کے ساتھ ہو
Asthenic Inflammatory Fever	اس تھے نک انفلامٹری فیور	حمّی التہابیہ قویہ حمّی ورمیہ قویہ +
Algide Pernicious Fever	الجائڈ پرنی شس فیور	حمّی بردیہ خبیثہ
Marsh Fever	مارش فیور	حمّی بطائح دلدل کا بخار، تپ و لرزہ کا دوسرا نام ہے +
Zymotic Fever	زائموٹک فیور	حمّی تخمیریہ
Three Days Fever	تھری ڈیز فیور	حمّی ثلاثیہ تین دن کا بخار، مکھی کا بخار، حمّی ذبابیہ +
Hyper-pyrexial Fever	ہائی پر پائی رکسیل فیور	حمّی حادہ (تیز بخار)
Rheumatic Fever	روماٹک فیور	حمّی حلامایہ گٹھیے کا بخار +
Thermic Fever	تھرمک فیور	حمّی حرّیہ گرمی کا بخار +
Benign Fever	بنائن فیور	حمّی حمیدہ حمّی سلیمہ، مقابل حمّی خبیثہ، وہ بخار جس کے ساتھ شدید عوارض نہوں +
Malignant Fever	ملگ ننٹ فیور	حمّی خبیثہ وہ بخار جس کے ساتھ شدید عوارض ہوں +
Specific Fever	اسپے سی فک فیور	حمّی خصوصیہ (نوعیہ)
Five Days Fever	فائو ڈیز فیور	حمّی خماسیہ حمّی ذبابیہ، مکھی کا بخار، پانچ دن کا بخار +
Cerebrospinal Fever	سریبرو اسپائنل فیور	حمّی دماغیہ نخاعیہ " مخیہ نخاعیہ

	دماغ اور حرام مغز کا بخار +	
Dengue Fever	ڈنگو فیور	حمی الدنج لنگڑا بخار، حمی شمسیہ +
Hectic Fever	ہکٹک فیور	حمی دق دق ایک مشہور خفیف بخار ہے +
Sand Fly Fever	سینڈ فلائی فیور	حمی ذبابیہ ریت کی مکھی کے کاٹنے سے جو بخار لاحق ہوتا ہے اور غالباً پانچ یوم رہتا ہے +
Quartan Fever	کوارٹن فیور	حمی ربع چوتھیا بخار جس کی باری چوتھے روز ہو +
Tripple-Quartan Fever	ٹرپل کوارٹن فیور	حمی ربع مثلثہ سہ گونہ چوتھیا بخار +
Duplicated Quartan Fever	ڈپلی کیٹڈ کوارٹن فیور	حمی ربع مزدوجہ دوہرا چوتھیا بخار +
Doulble-Quartan Fever	ڈبل کوارٹن فیور	حمی ربع مضاعفہ دوہرا چوتھیا بخار +
Simple Fever	سمپل فیور	حمی ساذجہ سادہ بخار، جو شدید و خبیث نہو +
Simple Continued Fever	سمپل کنٹی نیوڈ فیور	حمی ساذجہ دائمہ وہ سادہ بخار جو دائمی ہو +
Benign Fever		حمی سلیمہ دیکھو حمی حمیدہ +
Toxic Fever	ٹاکسک فیور	حمی سمیہ زہر کا بخار +
Black Fever	بلیک فیور	حمی سوداء " سوداویہ کالا بخار +
	سیری ایسس	حمی شمسیہ آفتاب کا بخار +
Dengue Fever Break-bone Fever	ڈنگو فیور، بریک بون فیور	حمی شمسیہ

English	تلفظ	نام و تشریح
		حمی الربع، لنگڑا بخار +
Asthenic Fever	ایس تھے نک فیور	حمی ضعفیہ وہ بخار جو مریض کو جلد کمزور کر دے +
Adynamic Fever	ایڈی نے مک فیور	حمی ضُعفیّہ
Eruptive Fever	ارپ ٹو فیور، اگزان تھی میٹا	حمی طفحیہ وہ بخار جس کے ساتھ بدن پر دانے اور دوڑے وغیرہ نمایاں ہوں، جیسے خسرہ - چیچک +
Symptomatic Fever Symptomatic Pyrexia	سمٹو مے ٹک فیور " " پائی رکسیا	حمی عرضیہ وہ بخار جو دوسرے مرض سے عارض ہو +
Diaphoratic Pernicious Fever	ڈایا فوریے ٹک پرنی شس فیور	حمی عرقیہ خبیثہ وہ خبیث بخار جس کے ساتھ پسینہ بکثرت آئے +
Putrid Fever Septic Fever	پیوٹرڈ فیور، سپ ٹک فیور	حمی عفنہ " عفونیہ عفونت کا بخار +
Septic Traumatic Fever	سپ ٹک ٹرامے ٹک فیور	حمی عفونیہ عارضیہ وہ عفونی بخار جو ضرب و زخم سے پیدا ہو +
Comatose Pernicious Fever	کومے ٹوز پرنی شس فیور	حمی غشیہ خبیثہ وہ خبیث بخار جس کے ساتھ غشی ہو +
Rat Bite Fever	ریٹ بائٹ فیور	حمی فاریہ چوہا کاٹے کا بخار +
Climatic Fever	کلائی مے ٹک فیور	حمی فصلیہ (اجامیہ) تپ موسمی (ملیریا)
Famine Fever	فے من فیور	حمی قحطیہ حمی نکسیہ، حمی راجعہ +
Scarlet Fever Scarlatina	اسکارلٹ فیور، اسکارلے ٹینا	حمی قرمزیہ وہ لال بخار جس کے ساتھ بدن پر سرخ رنگ کے دانے نکل آتے ہیں +

English	تلفظ	نام
Malta Fever Mediterranean Fever	مالٹا فیور، میڈی ٹرے نین فیور	حمّٰی مالتا جو جزیرۂ مالٹا اور بحر روم میں ہوتا ہے +
Infectious Fever	ان فکشس فیور	حمّٰی متعدیہ متعدی بخار جو ایک سے دوسرے کو لگ جائے
Remittent Fever	ریمی ٹنٹ فیور	حمّٰی مُتفترہ وہ قائم رہنے والا بخار جو کسی وقت قدرے ہلکا ہو جائے
Intermittent Fever	انٹر می ٹنٹ فیور	حمّٰی مُنقطعہ حمی نائبہ۔ باری کا بخار، جو اُترے، اور پھر چڑھے، جیسے تجاری (رغب) +
Undulant Fever	انڈیولنٹ فیور	حمّٰی مُتموجہ حمی مالٹا +
Hyperpyrexial Fever	ہائی پر پائی رکسیل فیور	حمّٰی مُحرقہ جس کی حرارت نہایت شدید ہو +
Idiopathic Fever	ایڈیوپے تھک فیور	حمّٰی مرضیہ
Continued Fever	کنٹی نیوڈ فیور	حمّٰی مُستمرّہ ہمیشہ ایک حال پر رہنے والا بخار +
Infectious Fever	ان فکشس فیور	حمّٰی مُسریہ متعدی بخار جو ایک سے دوسرے کو لگ جائے +
Asthenic Fever	ایس تھے نک فیور	حمّٰی مُضعِفہ کمزور کر دینے والا بخار +
Typhoid Fever	ٹائی فائڈ فیور	حمّٰی مطبقہ متناقصہ (معویہ) حمی معویہ آنتوں والا بخار، موتی جھرا +
Typhus Fever	ٹائی فس فیور	حمّٰی مطبقہ متزائدہ حمی ہذیانیہ +
Infectious Fever Contagious Fever	ان فکشس فیور کنٹے جس فیور	حمّٰی مُعدِیہ ایک سے دوسرے کو لگنے والا بخار +
Enteric Fever	این ٹرک فیور	حمّٰی مِعوِیہ

مطبقہ اسہالیہ (ٹائی فائڈ فیور) کا دوسرا نام ہے یہ موتی جھرا +

Quotidion Fever	کوٹیڈین فیور	حمی مواظبہ وہ تپ موسمی جس کی باری روزانہ آئے +
Double Quotidion Fever	ڈبل کوٹیڈین فیور	حمی مواظبہ مضاعفہ دوہرا حمی مواظبہ +
Malignant Fever	ملگ ننٹ فیور	حمی مہلکہ خبیث اور مہلک تپ +
Intermittent Fever	انٹرمی ٹنٹ فیور	حمی نائبہ باری کا بخار جو اوتر کر چڑھے +
Hemorrhagic Pernitious Fever	ہیموراجک پرنی شس فیور	حمی نزفیہ خبیثہ وہ خبیث بخار جس کے ساتھ جریان خون بھی ہو +
